## سوال

(175) کیا عورتوں پر ہر فرض نماز باجماعت ادا کرنا لازمی ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورتوں پر لازم اور ضروری ہے کہ وہ ہر فرض نماز باجماعت ادا کیا کریں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جواب : : : عورتوں پر جماعت واجب نہیں ،جماعت صرف مردوں پر واجب ہے لیکن عورتوں پر جماعت واجب تو نہیں البتہ ان کے لیے باجماعت نماز ادا کرنا جائز یا مستحب ہے ۔ ان میں سے ایک عورت کا ان کی امامت کرانا بھی جائز ہے اور امامت کرانے والی ان کے وسط میں کھڑی ہوگی ۔ ( فضیلۃ الشیخ صالح الفوزان )

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

### صفحہ نمبر 177

### محدث فتویٰ